# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ،اسلام آباد

## فیکلٹی آف عربیک اینڈ اسلامک سٹڈیز

### شعبہ قرآن وتفسیر

کورس: علم تفسیر اور علوم القرآن میں اطلاقی تحقیق (کورس کوڈ: 4732)　　　　سمسٹر: بہار 2014

سطح: پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ (تخصص قرآن وتفسیر)

## بستہ برائے طلبہ

عزیز طالب علم! السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ

امید ہے کہ آپ کے مزاج بعافیت ہوں گے۔ آپ کا بستہ جسے بذریعہ ڈاک ارسال کیا جا رہا ہے' مندرجہ ذیل درسی مواد پر مشتمل ہے۔ اگر اس بستہ میں کوئی چیز کم ہو تو یونیورسٹی ہذا کے شعبہ ترسیل کو اس کی اطلاع بروقت دیں تا کہ اس کی کو پورا کیا جا سکے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | درسی کتاب تفسیر کے جدید رجحانات | ایک عدد |
| 2۔ | خط برائے طلبہ (رہنمائے طلبہ) | ایک عدد |
| 3۔ | امتحانی مشقیں | 2عدد |
| 4۔ | فارم برائے امتحانی مشقیں (پرت) | 2 سیٹ (06عدد) |
| 5۔ | رہنمائے طلبہ (عمومی) | ایک عدد |
| 6۔ | امتحانی مشقوں کا شیڈول | ایک عدد |

والسلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

کورس رابطہ کار
**ڈاکٹر ثناءاللہ**
لیکچرار شعبہ قرآن وتفسیر
فون دفتر: 051-90577269

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## فیکلٹی آف عربیک اینڈ اسلامک سٹڈیز

## (شعبہ قرآن وتفسیر)

عزیز طالب علم! السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ کے کورس علم تفسیر اور علوم القرآن میں اطلاق تحقیق (کورس کوڈ: 4732) میں ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں اور دینی تعلیم سے آپ کی دلچسپی کی قدر کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ انشاء اللہ آپ اس کورس کو بہت مفید پائیں گے۔

آپ کی توجہ کے لیے یہ بات بتانا ضروری ہے کہ فاصلاتی نظام تعلیم میں بذریعہ مراسلت تعلیم حاصل کرنے کے لیے آپ کو زیادہ محنت کرنا ہوگی اور پابندی وقت اور مستقل مزاجی کے ساتھ مطالعہ کرنے کی عادت اپنانا ہوگی۔

### مشقیں حل کرنے کے راہنما اصول

1۔ مشقی سوالات کے جوابات کے لیے اچھا کاغذ استعمال کریں اور اس کے صرف ایک طرف لکھیں۔

2۔ کاغذ کے چاروں طرف مناسب حاشیہ چھوڑ دیں۔

3۔ جوابات تحریر کرنے سے قبل سوالات کا بغور مطالعہ کریں اور انہیں اچھی طرح سے سمجھیں۔ اگر کوئی سوال مختلف اجزاء پر مشتمل ہو تو ہر جزو کا جواب الگ لکھیں۔

4۔ سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کریں جہاں اختصار مطلوب ہو اختصار سے اور جہاں تفصیل مطلوب ہو تو تفصیل سے کام لیں ہر ایک صورت میں آپ کا جواب مدلل، جامع اور تحقیقی ہونا چاہیے۔

5۔ مشقوں میں دیئے گئے سوالات کی ترتیب کے مطابق جوابات تحریر کریں۔ جیسے سوال نمبر 1,2۔

6۔ ہر ایک سوال کے جواب یا ہر ایک مشق کی تکمیل کے بعد نظر ثانی کے طور پر اسے ضرور پڑھیں تا کہ اغلاط کی تصحیح ہو جائے۔

7۔ قرآنی آیات اور احادیث تحریر کرتے وقت غلطیوں سے بچنے کے لیے خوب احتیاط سے کام لیں اور انہیں عام عبارت سے نمایاں کرنے کی کوشش کریں۔

8۔ مشقوں کے جوابات کے ساتھ "فارم برائے مشقی کام" کے تین پرت خود پر کرکے ارسال کریں۔ ہر ایک پرت پر اپنا نام و پتہ خوشخط لکھیں اور اپنا دستخط بھی ثبت کریں۔

9۔ جوابات پر مشتمل اوراق کو ترتیب وار نتھی کریں اور ہر ایک صفحہ پر نمبر لگائیں۔

10۔ اپنے ٹیوٹر کو مقررہ شیڈول کے مطابق مشقیں ارسال کریں اور مشق ارسال کرنے کی تاریخ ضرور لکھیں۔

11۔ مشقی کام حل کرنے کے دوران اگر کوئی مشکل یا ابہام پیش آئے تو اپنے ٹیوٹر سے رابطہ قائم کریں ۔اگر کسی وجہ سے متعلقہ ٹیوٹر سے رابطہ نہ ہو سکے تو ہمیں اطلاع دیں ۔اگر آپ کے لیے ممکن ہو تو یونیورسٹی ہذا کی فیکلٹی آف عربیک اینڈ اسلامک سٹڈیز کے شعبہ قرآن وتفسیر میں دفتری اوقات میں ہم سے ملاقات بھی کر سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ آپ کا حامی وناصر ہو۔اپنی دعاؤں میں ہمیں ضروریاد رکھیں۔


کورس رابطہ کار

**ڈاکٹر ثناءاللہ**

لیکچرار شعبہ قرآن وتفسیر

**فون دفتر**:051-9057269

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

(شعبہ قرآن وتفسیر)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

ا۔ امتحانی مشق میں اگر آپ کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں۔ خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہوجائے۔

۲۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: علم تفسیر اور علوم القرآن میں اطلاق تحقیق (4732) — سمسٹر: بہار 2014ء

سطح: پی ایچ۔ ڈی علوم اسلامیہ (تخصص قرآن وتفسیر) — کل نمبر: 100

## امتحانی مشق نمبر 1

سوال نمبر: 1 التفسیر الکبیر میں (امام رازی) کا اعتزال کے بارے میں موقف، کا ایک تنقیدی جائزہ تحریر کریں، خصوصاً امام رازی کی روایات کا اس ضمن میں تحلیلی وتنقیدی جائزہ لیں۔ (34)

سوال نمبر: 2 تدبر قرآن (امین اصلاحی) میں نسخ، رجم، اور حدیث کے بارے میں روایات کا ایک تنقیدی اور تحلیلی اور روایات کی تطبیق وتوثیق پر ایک مقالہ تحریر کریں۔ (33)

سوال نمبر: 3 فراہی مکتب فکر سرسید کے مکتب فکر کے اصول التفسیر کا تقابلی جائزہ قلم بند کریں (مثالیں صرف تفاسیر سے دیں) اور دونوں کے اصول التفسیر کا ایک تنقیدی وتحلیلی جائزہ تحریر کریں۔ (33)

## امتحانی مشق نمبر 2

سوال نمبر: 1 تفسیر الفرقان از سرسید احمد خان سے معجزات کے بارے میں نصوص اور مؤلف کے تاویلات کا ایک تنقیدی جائزہ قلم بند کریں۔ (34)

سوال نمبر: 2 تفسیر القرطبی سے سورۃ المائدہ کی تفسیر کا تقابلی جائزہ احکام القرآن جصاص سے کریں دونوں کے عمومی اسلوب، فقہی مسائل کے اثبات میں استدلالی انداز اور فقہی مسائل میں ہم آہنگی وعدم ہم آہنگی کے پہلوؤں (اگر ہوں) کو اجاگر کریں اور دونوں کی روایات کی تطبیق وتوثیق پر مقالہ تحریر کریں۔ (33)

سوال نمبر: 3 مناہل الفرقان (شیخ الزرقانی) میں متن قرآن کریم کے بارے مستشرقین کے اعتراضات کا ایک تنقیدی جائزہ قلم بند کریں اور تحلیلی جائزہ اور اس ضمن میں شیخ الزرقانی کی روایات کا جائزہ بھی تحریر کریں۔ (33)